
# رائے عامہ سروے | تعلیم اور اسکول کا نظام

**پاکستان میں 85% والدین اسکولوں کے باتھ رومز اورصفائی ستھرائی سے مطمئن ہیں؛ پنکھے(82%)، پینے کا صاف پانی (78%) اور کھیلنے کی جگہ / گراؤنڈ (75%) کی سہولیات سے بھی والدین بہت مطمئن نظر آئے، جبکہ لائبریری کی سہولت کے حوالےسے والدین میں سب سے کم اطمینان دیکھنے میں آیا (72%)۔**

برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ اسکول کی درج ذیل سہولتوں کے حوالے سے کس حد تک مطمئن یا غیر مطمئن ہیں؟




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 12

"اسکول میں ناانصافی اور برے سلوک کی شکایات"

**پاکستان میں 85% والدین اسکولوں کے باتھ روم اور صفائی ستھرائی سے مطمئن ہیں؛ پنکھے (82%)، پینے کا صاف پانی (78%) اور کھیلنے کی جگہ / گراؤنڈ (75%) کی سہولیات سے بھی والدین بہت مطمئن نظر آئے، جبکہ لائبریری کی سہولت کے حوالے سے والدین میں سب سے کم اطمینان دیکھنے میں آیا (72%)۔**

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)

(اسلام آباد، 01 ستمبر 2026)


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، اسکول جانے والے بچوں کے 85% والدین اپنے بچوں کے اسکولوں کے باتھ روم اور صفائی ستھرائی سے مطمئن ہیں۔ جس کی شرح سروے میں شامل تمام سہولیات میں سب سے زیادہ ہے۔ اس کے علاوہ گرمی سے بچاؤ کے لیے پنکھے (82%)، پینے کے صاف پانی (78%) اور کھیلنے کی جگہ / گراؤنڈ (75%) کی سہولیات سے بھی والدین بہت مطمئن نظر آئے، جبکہ لائبریری کی سہولت کے حوالے سے والدین میں سب سے کم اطمینان دیکھنے میں آیا (72%)۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے "پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے" کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا بارواں حصہ ہے۔ اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "اسکول میں ناانصافی اور برے سلوک کی شکایات" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے، اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اس وقت اسکول میں پڑھ رہے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ اسکول کی درج ذیل سہولتوں کے حوالے سے کس حد تک مطمئن یا غیر مطمئن ہیں؟- کھیلنے کی جگہ / گراؤنڈ، پینے کے صاف پانی، گرمی سے بچاؤ کے لیے پنکھے، لائبریری اور باتھ روم اور ان کی صفائی ستھرائی"**۔ قومی سطح پر، 85% والدین 'باتھ روم کی صفائی ستھرائی' سے مطمئن ہیں۔ اس کے بعد، 82% والدین 'گرمی سے بچاؤ کے لیے پنکھے' اور 78% والدین 'پینے کے صاف پانی' سے مطمئن نظر آئے۔ اسی طرح، 75% والدین نے 'کھیلنے کی جگہ / گراؤنڈ' اور 72% نے 'لائبریری' کی سہولیات سے اطمینان کا اظہار کیا۔

**"برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ اسکول کی درج ذیل سہولتوں کے حوالے سے کس حد تک مطمئن یا غیر مطمئن ہیں؟**




*DK/NR percentages have not been mentioned in the chart*

Source: Gallup & Gilani Pakistan

(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

اسکول کی سہولیات سے غیر مطمئن ہونے کا جائزہ لیا جائے، تو اس حوالے سے والدین میں سب سے زیادہ شرح لائبریری (21%) اور کھیلنے کی جگہ/گراؤنڈ (21%) کی پائی گئی، جو دیگر سہولیات کی نسبت غیر مطمئن ہونے کی بلند ترین شرح ہے۔ اس کے بعد، والدین پینے کے صاف پانی (20%)، گرمی سے بچاؤ کیلئے پنکھے (16%) اور باتھ رومز اور اُن کی صفائی ستھرائی (13%) سے غیر مطمئن نظر آئے۔ لائبریری کی سہولت کی عدم دستیابی بھی سب سے زیادہ رپورٹ کی گئی، جہاں 6% والدین نے بتایا کہ اُن کے بچے کے اسکول میں لائبریری کی سہولت موجود نہیں ہے۔

مجموعی طور پر نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانی والدین اسکولوں میں دستیاب بنیادی سہولیات سے بڑی حد تک مطمئن ہیں، کیونکہ سروے میں شامل تمام پانچ سہولیات کے لیے اطمینان کی شرح 70% سے زیادہ ہے۔ باتھ رومز اور اُس کی صفائی ستھرائی کو سب سے بہترین ریٹنگ ملی ہے، جبکہ لائبریری کے معاملے میں اطمینان کی سب سے کم اور عدمِ اطمینان کی سب سے زیادہ شرح ریکارڈ کی گئی، جو اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ جائزہ لی گئی اسکول کی سہولیات میں لائبریری کی سہولت نسبتاً کمزور ہے۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 01 September 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)